11

شہر اور دیہات



دیہات کا ایک گھر



شہر کی عمارتیں

لوگ شہروں اور دیہاتوں میں رہتے ہیں۔ شہر میں اُونچی عمارتیں ہوتی ہیں۔ شہروں میں کارخانوں، ٹریفک اور شور کی وجہ سے ماحول صاف نہیں رہتا۔ دیہات میں عام طور پر عمارتیں چھوٹی اور کچی ہوتی ہیں۔ دیہات میں صاف ہوا اور خالص غذا ملتی ہے۔ دیہات میں تعلیم اور صحت کی بہتر سہولتیں موجود نہیں ہوتیں۔ شہر اور دیہات میں لوہار، موچی، دُکان دار، درزی اور قصاب وغیرہ اہم پیشے ہیں۔

آلودگی سے پاک دیہات

کارخانوں کی آلودگی

شہری اور دیہاتی زندگی میں فرق

شہری زندگی

دیہاتی زندگی

زیادہ ٹریفک

کم ٹریفک

کارخانوں میں کام کرتی شہری خواتین

کھیت میں کام کرتے لوگ

دفتر میں کام کرتے لوگ

دیہات میں کام کرتی خواتین

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) شہر کے لوگوں کے تین پیشوں کے نام لکھیں۔

(ii) دیہات کے لوگوں کے تین پیشوں کے نام لکھیں۔

(iii) شہروں میں ہوا صاف کیوں نہیں ہوتی؟

(iv) دیہات میں شور کم کیوں ہوتا ہے؟

(v) ایسی تین سہولتوں کا ذکر کریں جو دیہات میں عام طور پر دستیاب نہیں ہوتیں۔

(vi) شہری اور دیہاتی زندگی میں فرق بتائیں۔

2- درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

(i) دیہات کی ہوا صاف ستھری ہوتی ہے۔ ☐

(ii) دیہات میں اُونچی عمارتیں ہوتی ہیں۔ ☐

(iii) دیہات میں ٹریفک کم ہوتی ہے۔ ☐

(iv) شہر میں عمارتیں چھوٹی اور کچی ہوتی ہیں۔ ☐

(v) دیہات میں آلودگی کم ہوتی ہے۔ ☐